ウルドゥ語のみ（日本語なし）

صرف اردو (جاپانی عدم دستیاب)

# میاگی پریفیکچر میں مقیم پاکستانیوں کے لیے

# پرائمری اور ثانوی اسکول گائیڈ بُک

## 宮城に暮らすパキスタン人のための

# 小学校・中学校ガイドブック



میاگی انٹرنیشنل ایسوسی ایشن

公益財団法人
宮城県国際化協会
MIYAGI INTERNATIONAL ASSOCIATION

**میاگی پریفیکچر میں مقیم پاکستانیوں کے لیے پرائمری اور ثانوی اسکول گائیڈ بُک**

## ◎ پیش لفظ

یہ گائیڈ بُک، میاگی پریفیکچر میں مقیم پرائمری و ثانوی اسکول کے پاکستانی طلبہ اور ان کے والدین کی میاگی پریفیکچر کے پرائمری و ثانوی اسکولوں اور ہائی اسکول داخلہ امتحان سے متعلق رہنمائی کرتی ہے۔
جاپان اور پاکستان کے تعلیمی نظام میں کافی فرق ہونے کے سبب الجھن یا پریشانی کا سامنا ہو سکتا ہے۔ اس کے پیش نظر یہ گائیڈ بُک مرتب کی گئی ہے تا کہ متعلقہ افراد کے کام آ سکے۔

فروری 2022
(مفاد عامہ انکارپوریٹڈ فاؤنڈیشن) میاگی انٹرنیشنل ایسوسی ایشن

## ◎ پاکستانی طلبہ اور انکے والدین کے لیے

کُری بارا میونیسپل تاکاشی میزُو پرائمری اسکول کے پرنسپل ایبی نا بیروتو کا پیغام

ہم آپ کے ساتھ پڑھائی کرنے اور مختلف سرگرمیوں میں مشغول ہونے کے تہہ دل سے متمنی ہیں۔
یہاں میں ایک بچی کا تحریر کردہ مضمون پیش کر رہا ہوں۔ اس بچی کی پیدائش افغانستان میں ہوئی اور پاکستان کے ایک اسکول سے جاپان آئی۔ اس نے تین سال تک میاگی پریفیکچر کے ایک سرکاری پرائمری اسکول میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد مارچ 2021 میں گریجویشن کیا۔

میں اسکول کے تیسرے سال میں موسم سرما میں جاپان آئی اور فوراً ہی جاپان کے ایک پرائمری اسکول میں جانا شروع کر دیا۔ میں اپنے جاپانی ساتھیوں کے ساتھ باتیں کرنے اور کھیلنے کی منتظر تھی۔ تاہم، جاپانی زبان مشکل ہونے کے سبب شروع میں بہت مشکل پیش آئی۔ مجھے کھانے پینے اور مذہب سے متعلق بھی تشویش تھی۔ تاہم، جاپانی زبان سیکھنے کے لیے محنت کرنے کے ساتھ رفتہ رفتہ پڑھائی سمجھ میں آنے لگی۔ اور پھر کلاس میں سب سے باتیں کرنے اور ڈاج بال کھیلنے میں مزہ آنے لگا۔
اسکول ٹرپ کے دوران، پہلی بار اپنے دوستوں کے ساتھ قیام کر کے مجھے خوشی ہوئی۔
آئیزُوواکاماتسُو میں رضاکارانہ تربیت کورس میں، ہر گروپ نے اپنے کھانے کا انتخاب کیا۔ میرا خیال تھا کہ میں باہر نہیں کھا سکوں گی، لیکن اس بات پر مجھے بہت خوشی ہوئی کہ سب نے میرے بارے میں سوچا اور ایک ایسے ریستوراں کا انتخاب کیا جو میرے کھا سکنے والے کھونوں پر مشتمل مینیو پیش کر سکے۔ ہوٹل میں بھی حلال کھانا تیار کیا گیا تھا، اس لیے میں بےفکری سے کھانا کھا سکی۔ دوستوں کے ساتھ خریداری کی اچھی یادیں بھی ہیں۔
اسکول میں، میں نے پڑھائی کے علاوہ کمیٹی کی سرگرمیاں، فیلڈ ٹرپ، اور براس بینڈ کی مشق وغیرہ بھی کی۔ میں نے بہت سے دوست بنائے۔ میں ثانوی اسکول میں مزید جاپانی سیکھنا چاہتی ہوں، اور مستقبل میں، میں نرس، یا جاپانی سکھانے والی استانی یا پھر ایسے مترجم کے طور پر نوکری کرنا چاہتی ہوں جو مختلف لوگوں کو کسی پُل کی طرح آپس میں جوڑتا ہو۔

آپ کو مذہب، ثقافت، اور اسکول کے نظام وغیرہ میں فرق کے بارے میں کچھ پریشانیوں یا غیر یقینی صورت حال کا سامنا ہو سکتا ہے۔ آپ اکثر اس طرح کے فرق کے سبب الجھن میں بھی پڑ جائیں گے۔ تاہم، طرح طرح کے فرق کے باوجود ساتھ مل کر رہنا بہت ہی شاندار بات ہے۔ آئیے مل کر سیکھیں اور مستقبل کی جانب مل کر آگے بڑھیں۔

فہرست مضامین


◎پیش لفظ

◎پاکستانی طلبہ اور ان کے والدین کے لیے

1 جاپان میں اسکول کی تعلیم سے متعلق

1 – 1 لازمی تعلیم سے متعلق

1 – 2 پرائمری ، ثانوی اور ہائی اسکول سے متعلق

1 – 3 نصاب سے متعلق

1 – 4 نصابی کتب

1 – 5 ترقی اور اگلی کلاسوں میں جانے سے متعلق

1 – 6 ٹیوشن فیس

1 – 7 خصوصی معاونت کی کلاسیں

2 پرائمری اور ثانوی اسکول میں داخلے کا طریقہ کار

2 - 1 داخلے (تبادلے) کا طریقہ کار

2 - 2 جاپان کے اندر تبادلہ / منتقلی

2 - 3 وطن واپسی کی صورت میں

3 اسکول کی سرگرمیوں سے متعلق

3 - 1 پڑھائی کے پیریڈ کا دورانیہ وغیرہ

3 - 2 اسکول لنچ

3 - 3 صفائی

3 - 4 غیر نصابی سرگرمیاں

3 - 5 جانچ (پرکھ) / کارکردگی

3 - 6 اصول / قواعد

4 اسکول کے اہم ایونٹ

4 - 1 داخلہ تقریب

4 - 2 جسمانی پیمائش / باقاعدگی سے طبی معائنہ

4 - 3 اسکول کا مطالعاتی دورہ / مطالعاتی قیام

4 - 4 فیلڈ ٹرپ

4 - 5 اسپورٹس ڈے

4 - 6 محفلِ موسیقی و ناٹک (محفلِ فنونِ لطیفہ)

4 - 7 ثقافتی میلہ / کلچرل فیسٹیول / اسکول فیسٹیول

4 - 8 کلاس وزٹ، والدین اساتذہ کانفرنس

4 - 9 گرمیوں کی چھٹیاں، سردیوں کی چھٹیاں، بہار کی چھٹیاں

4 -10 افتتاحی تقریب، اختتامی تقریب، گریجویشن تقریب

5 صحت اور تحفظ

5 - 1 اسکول کا اندرونی شفاخانہ

5 - 2 باقاعدگی سے طبی معائنے

6 اسکول اور گھر میں رابطہ

6 - 1 غیر حاضری، جلد روانگی، تاخیر سے آمد کی اطلاع

6 - 2 پی ٹی اے (والدین اساتذہ انجمن)

7 تعلیمی مشاورت

7 - 1 اسکول سے مشاورت

7 - 2 گھر کا دورہ

7 - 3 انفرادی انٹرویو، سہ فریقی انٹرویو

8 ہائر ایجوکیشن (ہائی اسکول) سے متعلق

8 - 1 سرکاری اور پرائیویٹ ہائی اسکول

8 - 2 کل وقتی اسکول، شام کا اسکول، خط و کتابت کا نظام

8 - 3 تعلیمی کورسز کی اقسام

8 - 4 ٹیوشن فیس اور اخراجات

8 - 5 وظیفہ

9 ہائی اسکول داخلہ امتحان

9 - 1 ہائی اسکول امتحان کی اہلیت

9 - 2 درخواست طلبی

9 - 3 ضمنی درخواست طلبی

9 - 4 کارکردگی رپورٹ پوائنٹس

9 - 5 کامیاب امیدواروں کے انتخاب کا طریقہ

9 - 6 جاپانی زبان کی ناکافی صلاحیت کے حامل طلبہ کے لیے

◎ ہائی اسکول داخلہ امتحان سے متعلق (کالم)

## 1 - جاپان میں اسکول کی تعلیم سے متعلق




1-1 لازمی تعلیم سے متعلق

جاپان کی لازمی تعلیم چھ سال سے لے کر پندرہ سال تک کی عمر کے بچوں کے لیے ہے اور یہ پرائمری (شو گاکو) اور ثانوی (چُو گاکو) اسکولوں میں دی جاتی ہے۔

1-2 پرائمری (شو گاکو)، ثانوی (چُو گاکو) اور ہائی اسکول (کوو کو) سے متعلق

جاپان میں تعلیمی سال اپریل سے شروع ہوتا ہے۔ پرائمری اسکول میں وہ بچے داخل ہو سکتے ہیں جو اُس سال اپریل

سے پہلے چھ سال کے ہو چکے ہوں۔ پرائمری اسکول کی تعلیم چھ سال پر محیط ہے۔ پرائمری اسکول کی تعلیم مکمل کر لینے پر ثانوی اسکول میں داخلہ لیا جا سکتا ہے۔ ثانوی اسکول کی تعلیم تین سالہ ہے۔
ہائی اسکول اُن افراد کے لیے ہے جنہوں نے مذکورہ لازمی تعلیم مکمل کر لی ہو۔ ہائی اسکول عموماً تین سال کا ہوتا ہے۔

1-3 نصاب سے متعلق
اسکول میں طلبہ کیا کچھ سیکھیں گے، اس کا فیصلہ ہر اسکول، وزارتِ تعلیم، ثقافت، کھیل، سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرتب کردہ تدریسی رہبر خطوط کی روشنی میں کرتا ہے۔
پرائمری اسکول میں جاپانی زبان، معاشرت، ریاضی، سائنس، زندگی و ماحول شناسی، موسیقی، ڈرائنگ، خانہ داری، اور جسمانی تعلیم کے مضامین پڑھائے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ اخلاقیات اور غیر ملکی زبان کی سرگرمیاں وغیرہ بھی ہوتی ہیں۔
ثانوی اسکول میں جاپانی زبان، معاشرت، ریاضی، سائنس، موسیقی، آرٹ، صحت و جسمانی تعلیم، ٹیکنکل آرٹس و خانہ داری، اور انگریزی، وغیرہ کی تعلیم دی جاتی ہے۔




1-4 نصابی کتب
پرائمری اسکول اور ثانوی اسکول کی نصابی کتابیں ہر سال اپریل میں مفت تقسیم کی جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ، معاون تدریسی مواد (مثلاً نقشے کی کتاب اور ریکارڈر) خود خریدنا لازمی ہے۔

1-5 ترقی اور اگلی کلاسوں میں جانے سے متعلق
جاپان میں پرائمری اسکول، ثانوی اسکول اور ہائی اسکول میں گریڈنگ یا اگلی کلاس میں داخلے کا کوئی طریقہ کار موجود نہیں ہے۔ اس کے علاوہ، کوئی پروموشن ٹیسٹ بھی نہیں ہے۔ لیکن ہائی اسکول میں داخلے کے لیے، عموماً داخلہ امتحان دیتے ہیں۔

1-6 ٹیوشن فیس
سرکاری پرائمری اور ثانوی اسکولوں میں کوئی ٹیوشن فیس نہیں لی جاتی جب کہ نجی اسکولوں میں ٹیوشن فیس ہوتی ہے۔
معاشی مشکلات کی صورت میں اسکول کے سامان کے اخراجات یا اسکول لنچ فیس کے لیے اعانت حاصل کی جا سکتی ہے۔ تفصیلات کے لیے اپنے اسکول سے رجوع کریں۔

1-7 خصوصی معاونت کی کلاسیں
معذور بچوں کے لیے، پرائمری اور ثانوی اسکولوں میں، خصوصی سپورٹ کلاسز یا ریسورس روم میں درس دینے کا انتظام ممکن ہے، جہاں طلبہ باقاعدہ کلاسوں میں شرکت جاری رکھنے کے ساتھ ساتھ اپنی معذوری کے مطابق رہنمائی حاصل کرتے ہیں۔ دونوں صورتوں میں ہر بچے کو اس کی معذوری کے مطابق تفصیلی تعلیم فراہم کی جاتی ہے۔

## 2- پرائمری اور ثانوی اسکول میں داخلے کا طریقہ کار

2-1 داخلے (تبادلے) کا طریقہ کار

آپ جس بلدیہ میں منتقل ہوئے ہیں، اس کے بورڈ آف ایجوکیشن کو آگاہ کیجیے کہ آپ اپنے بچے کو جاپانی اسکول میں داخل کرانا چاہتے ہیں۔ بورڈ آف ایجوکیشن اور پرائمری یا ثانوی اسکول سے اس سلسلے میں صلاح و مشورہ کے ذریعے معاملہ طے پایا جائے گا۔

جاپان میں اس بات کا تعین بچے کی عمر سے ہوتا ہے کہ وہ کون سی جماعت میں جائے گا۔ ایک ہی سال (دوم اپریل سے اگلے سال یکم اپریل) کی پیدائش رکھنے والے بچے ایک جیسی جماعت میں جاتے ہیں۔ لیکن اگر جاپانی زبان کی صلاحیت ناکافی ہو تو انہیں نچلی جماعت میں بھی جانا پڑ سکتا ہے۔

اگر بچہ اپنے ملک میں ثانوی اسکول پاس کر چکا ہے تو اصولی طور پر وہ جاپان میں ثانوی اسکول میں داخلہ نہیں لے سکتا ہے۔

2-2 جاپان کے اندر تبادلہ / منتقلی

جاپان کے اندر ہی منتقلی وغیرہ کی صورت میں اسکول تبدیل کرنے کے طریقہ کار پورا کرنا ضروری ہے۔ سب سے پہلے موجودہ اسکول کو آگاہ کیجیے کہ آپ وہاں سے کہیں اور منتقل ہو رہے ہیں۔ اس کے بعد جس بلدیہ میں جا رہے ہیں، وہاں کے بورڈ آف ایجوکیشن کو منتقلی کے ارادے سے آگاہ کیجیے۔

2-3 وطن واپسی کی صورت میں

وطن واپسی سے قبل، چاہے یہ عارضی ہی کیوں نہ ہو، اسکول کو وطن واپسی سے لازماً آگاہ کیجیے، اور مشاورت کیجیے۔

## 3- اسکول کی سرگرمیاں سے متعلق

3-1 پڑھائی کے پیریڈ کا دورانیہ وغیرہ
پیریڈ کا دورانیہ عموماً پرائمری اسکول میں 45 منٹ اور ثانوی اسکول میں 50 منٹ ہوتا ہے۔ فی دن پیریڈ کی تعداد دن اور جماعت کے حساب سے مختلف ہوتی ہے۔ عام طور سے ہفتے اور اتوار کو چھٹی ہوتی ہے۔

3-2 اسکول لنچ
پرائمری اور ثانوی اسکولوں میں اسکول لنچ کا انتظام ہے۔ طلبہ کھانے کی فراہمی اور کھانے کے بعد سمیٹنے اور صفائی کی خدمت انجام دیتے ہیں۔ اسکول لنچ کی فیس بچے کے والدین سے لی جاتی ہے۔ کھانے کا مینیو پیشگی تقسیم کیا جاتا ہے تاکہ آپ کھانے کے اجزا کی پہلے ہی سے تصدیق کر سکیں۔ صحت یا مذہبی وجوہات کی بنا پر اگر آپ کا بچہ مخصوص غذائی اشیا نہیں کھا سکتا تو استاد سے مشاورت کیجیے۔



3-3 صفائی
جاپان میں طلبہ، کلاس روم اور اسکول کے صحن کی صفائی میں مل بانٹ کر حصہ لیتے ہیں۔

3-4 غیر نصابی سرگرمیاں
اسکول کے بعد، کلب کی سرگرمیوں جیسے کہ کھیل، موسیقی، آرٹ وغیرہ میں حصہ لیا جا سکتا ہے۔ ہفتہ اور اتوار کو پریکٹس، میچ اور ٹورنامنٹ ہو سکتا ہے۔

3-5 جانچ (پرکھ)/ کارکردگی
سمسٹر کے اختتام پر، اسکول خاندان کو بچوں کی کارکردگی (گریڈنگ) اور ان کی اسکول کی زندگی کی حالت کے بارے میں رپورٹ کارڈ کی شکل میں مطلع کرتا ہے۔ مواد کی تصدیق کرنے کے بعد، والدین کو اس رپورٹ پر دستخط اور تبصرہ کر کے اسکول کو لوٹانا ہوتا ہے۔

3-6 اصول / قواعد
پرائمری اسکول میں یونیفارم نہیں ہوتا اور نہ ہی بچوں کے سامان کے حوالے سے مخصوص قوانین ہیں۔ لیکن جسمانی تعلیم کی کلاسوں کے لیے ، اسکول کے مقرر کودہ کپڑے ہوتے ہیں۔ تاہم ثانوی اسکول کا اپنا یونیفارم اور جمنازیم کے کپڑے ہوتے ہیں۔ اسکول کی عمارت کے اندر، چپلیں پہنی جاتی ہیں۔ اسکول میں نہ تو کھانے پینے کی اشیا خرید سکتے ہیں اور نہ ہی کھا سکتے ہیں۔

## 4- اسکول کے اہم ایونٹ

جاپان کے اسکولوں میں تعلیمی سال کا آغاز اپریل میں اور اختتام مارچ میں ہوتا ہے۔ تعلیمی سال دو سے تین سمسٹرز پر مشتمل ہوتا ہے۔ اسکول کے حساب سے ایونٹس مختلف ہو سکتے ہیں لیکن عموماً ایونٹس درج ذیل ہیں۔

4-1 داخلہ تقریب

یہ پہلی جماعت میں داخل ہونے والے طلبہ کی داخلہ تقریب ہے۔ اس میں طلبہ کے والدین (سرپرست) بھی شرکت کرتے ہیں۔

4-2 جسمانی پیمائش / باقائدگی سے طبی معائنہ

اسکول کے بچوں کے وزن اور قد کی پیمائش اور بینائی کا معائنہ کیا جاتا ہے۔ ڈاکٹر بچوں کی صحت کا معائنہ کرتا ہے۔

4-3 اسکول کا مطالعاتی دورہ / مطالعاتی قیام

پرائمری اسکولوں کی چھٹی جماعت کے تمام طلبہ اور ثانوی اسکولوں کی تیسری جماعت کے تمام طلبہ چند روزہ مطالعاتی دورے پر جاتے ہیں۔ مزید براں پرائمری اسکول کی پانچویں جماعت کے طلبہ مطالعاتی قیام کی غرض سے سماجی تعلیمی مراکز وغیرہ میں دو راتیں اور تین دن گزارتے ہیں۔



4-4 فیلڈ ٹرپ

طلبہ اسکول سے باہر جا کر سرگرمیوں کا عملی تجربہ اور مشاہدہ کرتے ہیں۔

4-5 سپورٹس ڈے

اس ایونٹ میں طلبہ دوڑ، ریلے اور ٹیم مقابلوں وغیرہ میں گھل مل جاتے ہیں۔ یہ عموماً ہفتے کے روز منعقد ہوتے ہیں۔ والدین انہیں دیکھنے آتے ہیں۔

4-6 محفلِ موسیقی و ناٹک (محفلِ فنونِ لطیفہ)

اس محفل میں بہترین فنونِ لطیفہ سے لطف اندوز ہوا جاتا ہے اور موسیقی وغیرہ سنی جاتی ہے۔

4-7 ثقافتی میلہ

اس ایونٹ میں بچوں کے بنائے ہوئے فن پاروں کی نمائش، اور پرفارمنس، کورس اور بچوں کے ڈرامے پیش کیے جاتے ہیں۔ عام طور پر یہ اختتام ہفتہ پر منعقد ہوتا ہے۔ والدین اسے دیکھنے آ سکتے ہیں۔

4-8 کلاس وزٹ / والدین اساتذہ کانفرنس
اس ایونٹ میں والدین اسکول آتے ہیں اور بچوں کے اسباق اور اسکول کی زندگی کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ والدین اور کلاس ٹیچر اسکول اور خاندانی زندگی کے بارے میں معلومات کا تبادلہ کرتے ہیں۔

4-9 گرمیوں کی چھٹیاں/ سردیوں کی چھٹیاں/ بہار کی چھٹیاں
موسم گرما کی تعطیلات جولائی کے اواخر سے اگست کے اواخر تک تقریباً ایک ماہ کی طویل تعطیلات ہیں۔ موسم سرما کی تعطیلات دسمبر کے اواخر سے تقریباً دو ہفتے کی ہوتی ہیں۔ موسم بہار کا وقفہ مارچ کے اواخر سے تقریباً دو ہفتے کا ہوتا ہے۔ ان چھٹیوں کے لیے بچوں کو ہوم ورک اور اسائنمنٹ دیے جاتے ہیں۔

4-10 افتتاحی تقریب / اختتامی تقریب / گریجویشن کی تقریب
افتتاحی تقریب سمسٹر کے آغاز میں اور اختتامی تقریب سمسٹر کے اختتام پر منعقد کی جاتی ہے۔ اس کے علاوہ، پرائمری اسکول کی چھٹی جماعت اور ثانوی اسکول کی تیسری جماعت مکمل ہونے پر پاسنگ آؤٹ کی خوشی میں گریجویشن کی تقریب منعقد کی جاتی ہے۔

## 5- صحت اور تحفظ

5-1 اسکول کا اندرونی شفا خانہ (انفرمری)
اگر کوئی بچہ بیمار یا زخمی ہو جائے تو اسکول کے اندرونی شفا خانے میں ابتدائی طبی امداد فراہم کی جائے گی۔ آپ اپنے بچے کی صحت کے بارے میں بھی مشاورت کر سکتے ہیں۔

5-2 باقاعدگی سے طبی معائنے
صحت کا باقاعدگی سے معائنہ کیا جاتا ہے۔
◯ اسکول کی طرف سے کیا جانے والا معائنہ
قد، وزن، بینائی، سماعت، تپ دق، الیکٹرو کارڈیوگرام، پیشاب کا تجزیہ، وغیرہ۔
◯ اسکول میں ڈاکٹر کے ذریعہ کیا جانے والا طبی معائنہ
ادویات، امراض چشم، کان اور گلے کے امراض، دندان سازی۔



## 6- اسکول اور گھر میں رابطہ

6-1 غیر حاضری، جلد روانگی، تاخیر سے آمد کی اطلاع
اگر بچہ بیماری یا خاندانی وجوہات کی وجہ سے اسکول سے غیر حاضر ہو گا تو اسکول کو پیشگی اطلاع دیں۔ اگر بچہ دیر سے اسکول آئے گا یا جلدی واپس گھر جائے گا تو اُس صورت میں بھی اسکول کو پیشگی اطلاع دیں۔

6-2 پی ٹی اے (والدین اساتذہ انجمن)
اسکول میں، 'PTA' کے نام سے والدین اور اساتذہ کی انجمن ہوتی ہے، جو باہمی تعاون کے ذریعے بچوں کی تعلیم کے لیے طرح طرح کی مفید سرگرمیاں انجام دیتی ہے۔

## 7- تعلیمی مشاورت

7-1 اسکول سے مشاورت
اگر آپ کو اسکول کی زندگی کے بارے میں کوئی تشویش ہے جیسے کہ ستایا جانا، اسکول جانے سے انکار، یا ہائی اسکول میں داخلہ، تو اسکول سے مشورہ کرنا اچھا رہے گا۔ اگر ضروری ہو تو آپ مترجم کے توسط سے بھی مشورہ کر سکتے ہیں۔

7-2 گھر کا دورہ
پرائمری اسکول میں، کلاس ٹیچر بچے کے گھر جاتا ہے اور والدین سے بچے کے اسکول اور گھر کی صورت حال کے بارے میں بات چیت کرتا ہے۔

7-3 انفرادی انٹرویو، سہ فریقی انٹرویو
انفرادی انٹرویو بچے اور استاد کے درمیان، یا والدین اور استاد کے درمیان ہوتے ہیں۔ سہ فریقی انٹرویو بچے، والدین اور استاد کے درمیان تبادلہ خیال ہے۔ آپ اسکول سے اسکول کی زندگی، سیکھنے کے عمل اور، کیریئر وغیرہ کے بارے میں بات کر سکتے ہیں۔



## 8- ہائر ایجوکیشن (ہائی اسکول) سے متعلق

8-1 سرکاری اور نجی ہائی اسکول
میاگی پریفیکچر میں سرکاری ہائی اسکول اور نجی ہائی اسکول ہیں۔

| | |
|---|---|
| سرکاری ہائی سکول | یہ پریفیکچر اور بلدیات کے بنائے گئے سرکاری اسکول ہیں۔ ان کی ٹیوشن فیس نجی اسکول کے مقابلے میں کم ہے۔ میاگی پریفیکچر میں رہنے والے ان ہائی اسکولوں میں داخلہ لے سکتے۔ میاگی پریفیکچر میں 77 پریفیکچرل ہائی اسکول اور، 5 بلدیاتی ہائی اسکول ہیں جن میں سے 4 سینڈائی شہر میں، اور ایک اشینوماکی شہر میں ہے۔ |
| نجی ہائی سکول | یہ پرائیویٹ سیکٹر کے بنائے گئے اسکول ہیں۔<br>ان میں تعلیمی پالیسیاں اسکول کے لحاظ سے مختلف ہوتی ہیں۔<br>کچھ اسکول کسی خاص مذہب کے تقاضوں پر مرتکز ہوتے ہیں۔<br>میاگی پریفیکچر میں 18 نجی ہائی اسکول ہیں۔<br>کسی اسکول کو اپنی پہلی ترجیح دیتے ہوئے اسکے داخلہ امتحان کی درخواست دینا، 'خصوصی درخواست' کہلاتا ہے، اور امتحان میں کامیابی کی صورت میں اُس اسکول میں داخلہ لینا لازمی ہو جاتا ہے۔ اگر 'خصوصی درخواست' کی شکل میں داخلہ امتحان دیا جائے تو عمومی داخلہ امتحان کی نسبت کامیابی آسان ہو جاتی ہے۔ اگر آپ ایک نجی ہائی اسکول کا داخلہ امتحان 'خصوصی درخواست' کی شکل میں پاس کرتے ہیں تو اسکے بعد سرکاری ہائی اسکول میں داخلہ نہیں لے سکیں گے۔<br>* سرکاری ہائی اسکولوں میں کوئی 'خصوصی درخواست' نظام نہیں ہے۔ |

8-2 کل وقتی اسکول، شام کا اسکول، خط و کتابت کا نظام
کل وقتی اسکول پیر سے جمعہ تک صبح 8:30 سے سہ پہر 15:30 بجے تک لگتا ہے۔ شام کے اسکول میں آپ شام کو کلاسیں لیتے ہیں۔ خط و کتابت کے ذریعے تعلیم حاصل کرنے کے نظام میں گھر پر تعلیم حاصل کرنے اور اسکول میں رپورٹس جمع کرانے کے علاوہ، مہینے میں چند دن اسکول جا کر کلاسیں لینا شامل ہے۔

8-3 تعلیمی کورسز کی اقسام
کورسز کو تین بڑی بڑی اقسام میں بانٹا جا سکتا ہے: "عام کورسز"، زراعت، صنعت اور تجارت میں مہارت پیدا کرنے والے "خصوصی کورسز" اور "انٹیگریٹڈ کورسز"۔ یہ اسکول پر منحصر ہے کہ وہاں کس طرح کے کورس کرائے جاتے ہیں، لہذا براہ کرم پیشگی سکول چیک کر لیں۔ داخلے کے بعد کورس تبدیل کرنا مشکل ہوتا ہے۔

8-4 ٹیوشن فیس اور اخراجات
کل وقتی سرکاری ہائی اسکول کی صورت میں، ایک سال کے لیے ٹیوشن فیس اور ضمنی اخراجات کی کل رقم تقریباً 100,000 سے 180,000 ین تک ہے۔ البتہ اس رقم میں سے 118,000 ین ان گھرانوں کے بچوں کے لیے "ہائی اسکول ٹیوشن امدادی فنڈ" کی طرف سے امداد کی بناء پر عملاً صفر ہو جائیں گے، جن کی سالانہ آمدنی تقریباً 91 لاکھ ین سے کم ہے۔
نجی ہائی اسکول کی صورت میں، ٹیوشن فیس اور ضمنی اخراجات سرکاری ہائی اسکولوں سے زیادہ ہیں اور وہ ہر اسکول میں مختلف ہوتے ہیں۔

ٹیوشن اور ضمنی اخراجات کے علاوہ، ہر سال نصابی کتب، آمد و رفت اور کلب کی سرگرمیوں کے اخراجات بھی ہوتے ہیں۔ پہلے سال میں آپ کو یونیفارم، جمنازیم کے کپڑے اور جوتے؛ اور سفری ریزرو فنڈ کے لیے بھی ادائیگی کرنے کی ضرورت ہو گی۔

8-5 وظیفہ
اگر تعلیم جاری رکھنا مالی طور پر مشکل ہو تو ایسے امدادی نظام موجود ہیں جو آپ کو اسکول میں پڑھنے کے لیے درکار رقم ادا کریں گے۔ عموماً ایسے تعلیمی وظیفے بعد میں واپس کرنے پڑتے ہیں۔ اپنے ثانوی یا ہائی اسکول کے استاد سے مشاورت کریں۔

## 9- ہائی اسکول داخلہ امتحان

9-1 ہائی اسکول امتحان کی اہلیت
ہر وہ فرد جس کی عمر، داخلہ امتحان کے سال 31 مارچ تک 15 سال یا اس سے زیادہ ہو اور جس نے جاپانی ثانوی اسکول پاس کیا ہو یا جو غیر ملکی تعلیم کے 9 سال مکمل کر چکا ہو، وہ ہائی اسکول کا داخلہ امتحان دے سکتا ہے۔

9-2 درخواست طلبی
داخلہ درخواست فارم مطلوبہ ہائی اسکول میں جمع کرائیں۔ درخواست فروری میں دی جائے گی۔ جس ہائی اسکول کے لیے آپ نے درخواست دی ہے آپ اسے تبدیل نہیں کر سکتے۔ کامیابی کی صورت میں اصلاً داخلے سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔
داخلہ امتحان عموماً مارچ میں ہوتا ہے۔ جاپانی زبان، ریاضی، معاشرتی علوم، انگریزی اور سائنس کے امتحانات لیے جاتے ہیں۔ ہر مضمون کے امتحان کے لیے 50 منٹ کا وقت مقرر ہے۔
کچھ اسکولوں میں انٹرویو، عملی مہارت کا امتحان؛ اور مضمون نویسی بھی کرائی جاتی ہے۔

9-3 ضمنی درخواست طلبی
جن ہائی اسکولوں کو مطلوبہ تعداد سے کم کامیاب درخواست گزار مل پائے ہوں، وہ دوسری بار درخواستیں طلب کرتے ہیں۔ پہلے کامیابی حاصل کر چکنے والے افراد درخواست نہیں دے سکتے۔ اس مرحلے میں صرف کارکردگی رپورٹ کے اسکول بھی ہوتے ہیں یا پھر ایسے اسکول بھی جو کارکردگی رپورٹ کے علاوہ انٹرویو، ہنر (عملی مہارت)، مضمون نویسی اور تعلیمی قابلیت ٹیسٹ میں سے چند ایک کا امتحان لیتے ہیں۔

9-4 کارکردگی رپورٹ پوائنٹس
کارکردگی رپورٹ میں، ثانوی اسکول کے تین سال کے تمام مضامین میں کارکردگی کا جائزہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ اس کے علاوہ، سیکھنے کا رویہ، اسائنمنٹس کا جمع کروانا اور حاضری؛ اور لباس جیسے زندگی کے پہلو بھی اہم ہیں۔ اگر آپ جاپانی ثانوی اسکول کی کارکردگی رپورٹ نہیں پیش کر سکتے ہیں؛ تو غیر ملکی ثانوی اسکول کے ریکارڈ کا حوالہ دیا جا سکتا ہے۔

9-5 کامیاب امیدواروں کے انتخاب کا طریقہ

کامیاب امیدوار کا انتخاب داخلہ امتحان کے اسکور اور کارکردگی رپورٹ کے اسکور کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ ایسے اسکول اور شعبے بھی ہیں جو انٹرویو، ہنر (عملی مہارت) اور مضمون نویسی کو بھی نگاہ میں رکھتے ہیں۔ پرکھ کے نکات اسکول کے اعتبار سے مختلف ہوتے ہیں۔ مثلاً کچھ اسکول داخلہ امتحان کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں اور کچھ اسکول ثانوی اسکول کی تین سالہ کارکردگی رپورٹ کو۔

9-6 جاپانی زبان کی ناکافی صلاحیت کے حامل طلبا کے لیے

ایسے طلبہ جن کی جاپانی زبان کی صلاحیت ناکافی ہو، ان کے لیے داخلہ امتحان میں مضامین کم کیے جا سکتے ہیں یا پرچہ حل کرنے کا وقت بڑھایا جا سکتا ہے۔ اس طرح کی رعایت حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ داخلہ کی درخواست دینے سے قبل آپ کا ثانوی اسکول متعلقہ ہائی اسکول سے رجوع کرے۔ اگر آپ یہ سہولت حاصل کرنا چاہتے ہیں تو جلد از جلد اپنے ثانوی اسکول کے استاد سے مشاورت کریں۔



## ◎ ہائی اسکول میں جانے کے لیے (والدین کے لیے)

پروفیسر آکیکو تاکاہاشی، میاگی یونیورسٹی آف ایجوکیشن

خواتین و حضرات، آپ اپنے بچے کے لیے کس طرح کا مستقبل چاہتے ہیں؟ آپ کا بچہ جاپان میں زندگی بسر کرے گا یا مادری وطن میں، یا پھر کسی تیسرے ملک میں؟

بچے بہت سی صلاحیتیں رکھتے ہیں۔ پرائمری اور ثانوی اسکول کی لازمی تعلیم تو خیر ہے ہی، اس کے علاوہ ہائی اسکول اور یونیورسٹی میں تعلیمی مواقع فراہم کر دینے سے بچوں کی صلاحیتوں میں اور وسعت پیدا ہوتی ہے۔

کیا آپ سب کے ممالک میں ہائی اسکول میں تعلیم کے لیے داخلہ امتحان ہوتا تھا؟ ایسے بہت سے ملک ہو سکتے ہیں جہاں داخلہ امتحان نہ ہوتا ہو۔ لیکن جاپان میں ہائی اسکول میں داخل ہونے کے لیے داخلہ امتحان ہوتا ہے۔ ثانوی اسکول کے 97 فیصد طلبہ، ہائی اسکول جاتے ہیں۔ تعلیم کو ثانوی اسکول تک محدود کر کے نوکری کا انتخاب کرنے والے لوگ بھی موجود تو ہیں لیکن بہت ہی محدود تعداد میں۔ اس لیے صرف ثانوی اسکول پاس کر لینے سے آپ کے بچے کو اپنی پسند کا کام ملنا یا نوکری کا انتخاب کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔ جاپانی معاشرے میں زندگی گزارنے کے لیے ہائی اسکول میں تعلیم حاصل کرنا اہم چیزوں میں سے ایک ہے۔

اپنے بچے سے تبادلہ خیال کیجیے کہ وہ مستقبل میں کیا بننا چاہتا ہے اور کس طرح کی زندگی بسر کرنا چاہتا ہے۔ اور اگر یہ فیصلہ ہو جائے کہ ہائی اسکول جانا بہتر رہے گا تو یہ بھی سوچ بچار کیجیے کہ جاپان کے ہائی اسکول میں کون سی چیزیں سیکھی جا سکتی ہیں، کس طرح کا داخلہ امتحان ہے، داخلہ امتحان کے لیے کس قسم کی تیاری ضروری ہے، وغیرہ وغیرہ۔ اس طرح کی معلومات پیشگی اور بروقت حاصل کرنا اور تیاری کرنا نہایت اہم ہے۔ ہائی اسکول کے بارے میں جو بھی معلوم نہ ہو اس کے بارے میں پرائمری اسکول یا ثانوی اسکول کے استاد سے ضرور مشورہ کریں۔ مزید براں میاگی پریفیکچر میں بورڈ آف ایجوکیشن اُن بچوں اور والدین کے لیے ہر سال موسم گرما میں کیرئیرگائیڈنس کا اہتمام کرتا ہے جن کی مادری زبان جاپانی نہیں ہے۔ اس گائیڈنس میں شرکت کے ذریعے بھی معلومات اور مشاورت کا حصول ممکن ہے۔

مزید یہ کہ ہائی اسکول میں داخلہ ہی ہدف نہیں ہے۔ ہائی اسکول میں تعلیمی مواد زیادہ مشکل ہو جاتا ہے اور اسکے لیے جاپانی زبان کی موجودہ اہلیت کو مزید بہتر بنانا ضروری ہے۔ اسکول کی پڑھائی میں کسی بھی قسم کی مشکل پیش آنے کی صورت میں آپ بلا جھجھک نہ صرف اسکول کے اساتذہ بلکہ اسکول سے باہر موجود کئی طرح کی مدد کے نظام (سپورٹ پروگرام) سے بھی استفادہ کیجیے۔

ہماری مخلصانہ کوشش ہے کہ آپ کے بچوں کے مستقبل کا در ان کی خواہش کے عین مطابق کھل سکے۔

【参考資料】

・就学ガイドブック（文部科学省）

・日本語を母語としない子どもと親のための進路ガイドブック宮城（日本語を母語としない子どもと親のための進路ガイダンス実行委員会）

※掲載情報は２０２２年１月現在です。

## 発行・問い合わせ

公益財団法人宮城県国際化協会

Miyagi International Association

〒９８１－０９１４　仙台市青葉区堤通雨宮町４－１７宮城県仙台合同庁舎７階

〒981-0914 Sendai-shi, Aoba-ku, Tsutsumidori Amamiyamachi 4-17-7F

TEL　０２２－２７５－３７９６　　Email　mail@mia-miyagi.jp

一般財団法人自治体国際化協会令和３年度多文化共生のまちづくり促進事業助成事業